# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ حدیث وعلوم حدیث)

**وارننگ**

عزیز طلبه! آپ یه بات ذہن نشین کر لیں که

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1 - تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2 - سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3 - ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کورس: علوم حدیث (2903) سمسٹر بہار: 2026

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1-5)

سوال نمبر 1۔ علوم حدیث کا معنی اور مفہوم بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سند کی ضرورت و اہمیت اور امت محمدی کے ساتھ اس کی خصوصیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ تحمل حدیث اور ادائے حدیث کا معنی اور مفہوم بیان کریں نیز تحمل حدیث کے طریقے تفصیل سے بیان کریں (20)

سوال نمبر 4۔ مختلف الحدیث اور محکم الحدیث کا معنی و مفہوم بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مختلف الحدیث اور مشکل الحدیث سے متعلق اہم کتابوں کا تعارف کروائیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 6-9)

سوال نمبر 1۔ علل الحدیث بلحاظ سند اور علل الحدیث بلحاظ متن کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ غریب الحدیث کا معنی و مفہوم بیان کریں نیز غریب الحدیث کے اسباب تفصیل کے ساتھ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ ناسخ و منسوخ فی الحدیث کی معرفت کن طریقوں سے ہوتی ہے؟ تفصیل کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ جرح و تعدیل کا معنی و مفہوم بیان کریں نیز جرح و تعدیل کی ضرورت و اہمیت اور شرعی حیثیت پر تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تخریج الحدیث کا معنی و مفہوم واضح کریں نیز تخریج الحدیث کی ضرورت و اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)